# سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کوئز

سوال حضرت عمر رضی للہ عنہ کون تھے

جواب حضرت عمرؓ ہمارے نبی ﷺ کے سسر اور مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ تھے۔

سوال: حضرت عمرؓ قریش کی کس شاخ سے تعلق رکھتے ہیں؟

جواب: آپ قریش کی شاخ عدی سے تعلق رکھتے ہیں۔

سوال: حضرت عمرؓ کے خاندان کے پاس کون سا عہدہ تھا؟

جواب: ثالثی کا عہدہ تھا۔

سوال: حضرت عمرؓ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت عمرؓ کے والد کا نام خطاب اور والدہ کا نام ختمہ تھا۔

سوال: حضرت عمرؓ کب پیدا ہوئے؟

جواب: آپ عام الفیل سے 13 سال قبل مکہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت عمرؓ کا لقب اور کنیت کیا تھی؟

جواب: آپ کا لقب فاروق اور کنیت ابوحفص تھی۔

سوال: آپ کے چچازاد بھائی کا کیا نام تھا جس نے بعثت سے قبل ہی بت پرستی چھوڑ دی تھی؟

جواب: ان کا نام زید بن عَمرو تھا

سوال: حضرت عمرؓ نے جوانی میں کون کون سے فن سیکھے؟

جواب: آپ نے نَسب دانی، سِپہ گری، پہلوانی اور تقریر کرنا سیکھی

سوال: قبولِ اسلام سے پہلے حضرت عمرؓ کے پاس کون سا عہدہ تھا؟

جواب: سفارت کا عہدہ تھا (یعنی سفیر بن کر جاتے تھے)

سوال: حضرت عمرؓ کا پیشہ کیا تھا؟

جواب: آپ کا پیشہ تجارت تھا۔

سوال: قبول اسلام سے پہلے حضرت عمر کا مسلمانوں کے ساتھ کیسا رویہ تھا؟

جواب: آپ مسلمانوں کے سخت دشمن تھے۔

سوال: جب حضور ﷺ نے اعلان نبوت فرمایا تب حضرت عمر کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ستائیس (۲۷) سال

سوال: جب حضرت عمر حضور ﷺ کو شہید کرنے کے ارادے سے جا رہے تھے تو راستے میں کون سے صحابی ملے؟

جواب: حضرت نعیم بن عبداللہؓ

سوال: حضرت نعیم نے حضرت عمر کو دیکھ کر کیا کہا تھا؟

جواب: انہوں نے کہا اے عمر پہلے اپنے گھر کی خبر لو تمہارا بہنوئی اور بہن مسلمان ہو گئے ہیں۔

سوال: حضرت عمرؓ کے خاندان میں سب سے پہلے کون مسلمان ہوا؟

جواب: آپ کے بہنوئی حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

سوال: حضرت عمر کی بہن حضرت فاطمہؓ بنت خطاب کب مسلمان ہوئیں تھیں؟

جواب: حضرت عمر سے پہلے مسلمان ہوئیں۔

سوال: حضرت عمرؓ کے وہ بھائی جو مسلمان ہوئے ان کا کیا نام تھا؟

جواب: آپ کے بھائی جو مسلمان ہوئے ان کا نام زید بن خطاب تھا۔

سوال: حضرت عمرؓ نے مسلمان ہونے سے پہلے بچھڑے سے کیا آواز سنی؟

جواب: آپ نے بچھڑے کے پیٹ سے کلمہ شہادت کی آواز سنی۔

سوال: حضرت عمرؓ کب مسلمان ہوئے؟

جواب: آپ نبوت کے چھٹے سال مسلمان ہوئے

سوال: حضرت عمرؓ کتنے نمبر پر مسلمان ہوئے؟

جواب: چالیسویں نمبر پر۔

سوال: حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ کے لیے کیا دعا مانگی تھی؟

جواب: آپ ﷺ نے دعا مانگی اے اللہ عمرؓ کے ذریعے اسلام کو عزت دے۔

سوال: مسلمان ہونے کے بعد حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے کون سا بڑا عمل کیا؟

جواب: آپ نے مسلمانوں کو بیت اللہ میں نماز پڑھائی۔

سوال: کس بہن کی وجہ سے حضرت عمرؓ کو اسلام نصیب ہوا؟

جواب: آپ کی بہن فاطمہؓ بنت خطاب کی وجہ سے۔

سوال: حضرت عمرؓ کا سلسلہ نسب کس پشت حضور ﷺ سے ملتا ہے؟

جواب: آٹھویں پشت میں۔

سوال: اسلام سے پہلے حضرت عمرؓ کی کیا خصوصیت تھی؟

جواب: آپ کا شمار ان سترہ افراد میں ہوتا تھا جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔

سوال: حضرت عمرؓ کے کون سے بہنوئی مسلمان ہوئے اور عشرہ مبشرہ میں سے ہیں؟

جواب: آپ کے چچازاد بھائی حضرت سعید بن زیدؓ۔

سوال: حضرت عمرؓ نے اسلام کہاں قبول کیا؟

جواب: دار ارقم میں حضور ﷺ کے سامنے۔

سوال: حضرت عمرؓ کی بہن نے زخمی حالت میں کیا کہا؟

جواب: اے عمرؓ تو جو مرضی کر لے اب اسلام دل سے نہیں نکل سکتا۔

سوال: قبول اسلام کے وقت حضرت عمرؓ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: آپ کی عمر 33 سال تھی۔

سوال: حضرت عمر نے اسلام قبول کرنے کے بعد سب سے پہلے کون سا کارنامہ سرانجام دیا تھا؟

جواب: حضرت عمر نے مسلمانوں کو بیت اللہ میں نماز پڑھائی۔

سوال: حضرت عمر کے اسلام لانے سے پہلے مسلمان کہاں عبادت کرتے تھے؟

جواب: حضرت ارقمؓ کے گھر میں جسے دار ارقم کہا جاتا تھا۔

سوال: حضرت عمرؓ نے ہجرت کیسے کی؟

جواب: بیت اللہ کا طواف کیا اور پھر کفار کے سامنے اعلان کر کے روانہ ہوئے۔

سوال: حضرت عمر کی ہجرت کے بارے حضرت علیؓ نے کیا فرمایا تھا؟

جواب: سب نے ہجرت چھپ کر کی مگر عمر نے پہلے طواف کیا اور پھر اعلان کر کے مدینہ روانہ ہوئے۔

سوال: مدینہ میں حضور ﷺ نے کس صحابی کو آپ کا بھائی بنایا؟

جواب: حضرت عتبان بن مالک کو۔

سوال: حضور ﷺ نے حضرت عمرؓ کی کیا فضلیت بیان کی؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔

سوال: شیطان حضرت عمرؓ کو دیکھ لیتا تو کیا کرتا تھا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا شیطان عمرؓ کو دیکھ کر راستہ بدل لیتا ہے۔

سوال: حضرت عمرؓ کی کونسی بیٹی حضور ﷺ کے نکاح میں تھی؟

جواب: سیدہ حفصہ بنت عمرؓ۔

سوال: حضرت عمرؓ کتنے غزوات میں شریک ہوئے؟

جواب: تمام غزوات میں شریک ہوئے۔

سوال: حضرت عمرؓ نے غزوہ بدر میں کس رشتہ دار کو قتل کیا؟

جواب: اپنے سگے کافر ماموں عاص بن ہشام کو۔

سوال: قرآن پاک میں کتنی آیات حضرت عمرؓ کی رائے پر نازل ہوئیں؟

جواب: 21یا25یا27 آیات۔

سوال: حضرت عمرؓ اونٹ کہاں چرایا کرتے تھے؟

جواب: وادی ضجنان میں۔

سوال: حضرت عمر کو اپنے خاندان میں کس سے زیادہ محبت تھی؟

جواب: اپنے بھائی زید بن خطاب سے۔

سوال: حضرت عمرؓ کے بھائی زید کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

جواب: جنگ یمامہ میں۔

سوال: حضرت عمرؓ اپنے بھائی کے متعلق کیا فرمایا کرتے تھے؟

جواب: حضرت عمر فرماتے جب بھی یمامہ کی طرف سے ہوا چلتی ہے تو مجھے زید یاد ہیں

سوال: حضرت عمرؓ کے کون سے بیٹے بڑے عالم اور فقیہ تھے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔

سوال: حضرت عمر کے کون سے بیٹے نے جنگ یمامہ میں زبردست کارنامے سرانجام دیے تھے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے۔

سوال: حضرت عمر کے کون سے داماد جنگ احد میں زخمی ہونے کے بعد فوت ہو گئے تھے؟

جواب: حضرت خنیس بن حذیفہ

سوال: حضرت عمرؓ کی بیٹی حضرت حفصہؓ کے پہلے شوہر کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت خنیس بن حذیفہ

سوال: حضرت عمر کی کون سی بیوی نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا تھا؟

جواب: حضرت زینب بنت مظعونؓ نے۔

سوال: حضرت عمر کی کون سی بیوی سے آپ کی بیٹی فاطمہ پیدا ہوئیں تھیں؟

جواب: ام حکیم سے۔

سوال: جنگ بدر میں سب سے پہلے شہید ہونے والے مجاہد کا کیا نام تھا اور ان کا حضرت عمر سے کیا تعلق تھا؟

جواب: حضرت عمر کے غلام۔

سول: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے حضرت عمرؓ کے بارے کیا فرمایا تھا؟

جواب: انہوں فرمایا: عمر کا اسلام لانا اسلام کی فتح ،ان کی ہجرت اللہ کی مدد اور ان کی خلافت اللہ کی رحمت تھی۔

سوال: حضور ﷺ کا جب انتقال ہوا تو حضرت عمر نے غم کی وجہ سے کیا کہا تھا؟

جواب: آپ نے اعلان کیا جو کہے محمد ﷺ انتقال کر گئے اس کی گردن اڑا دوں گا۔

سوال: حضرت ابوبکرؓ کے دور خلافت میں حضرت عمر کا کیا کردار رہا؟

جواب: آپ ہمیشہ حضرت ابوبکرؓ کے مشیر خاص رہے۔

سوال: جنگ یمامہ میں جب بہت سے صحابہؓ شہید ہو گئے تو حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکر کو کیا مشورہ دیا؟

جواب: حضرت عمرؓ نے مشورہ دیا کہ قرآن پاک کو کتابی شکل میں جمع کر لیں۔

سوال: حضرت عمر نے جمع قرآن کا مشورہ کیوں دیا؟

جواب: ان کو خدشہ تھا کہیں جنگ میں حفاظ کے شہید ہونے سے ہم قرآن کریم سے محروم نہ ہو جائیں۔

سوال: حضرت عمرؓ کب خلیفہ بنے؟

جواب: 22 جمادی الثانی 13 ہجری

سوال: حضرت عمر خلیفہ کیسے بنے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ نے اپنے مرض الوفات میں صحابہؓ کے مشورے سے حضرت عمر کو خلیفہ مقرر کر دیا تھا۔

سوال: حضرت عمر کے خلیفہ بننے کی تحریر کس صحابی نے لکھی تھی؟

جواب: حضرت عثمان غنیؓ نے۔

سوال: حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں کس چیز کا سب سے زیادہ بول بالا تھا؟

جواب: عدل وانصاف کا۔

سوال: حضرت عمر کے دور خلافت میں کون سی دو بڑی سلطنتیں فتح ہوئیں؟

جواب: روم اور فارس۔

سوال: قبلہ اول بیت المقدس کیسے فتح ہوا؟

جواب: حضرت عمر خود تشریف لے گئے تھے عسائی پادریوں نے نشانیاں دیکھ کر چابیاں حوالے کر دیں۔

سوال: حضرت عمر کے دور میں اور کون کون سے علاقے فتح ہوئے؟

جواب: دمشق ،قیساریہ، مدائن، مصر اور عراق سمیت بہت سے علاقے فتح ہوئے۔

سوال: حضرت عمر کے دور خلافت میں فوجی سپہ سالار کون تھے؟

جواب: پہلے حضرت خالد بن ولید بعد میں حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ۔
سوال: حضرت عمرؓ کے دورخلافت میں ٹوٹل کتنے علاقے فتح ہوئے؟
جواب: تقریباًایک ہزار چھتیس شہراور مضافات۔
سوال: جوعلاقہ فتح ہوتا وہاں عبادت کے لیے آپ کیا فرمان جاری فرماتے ؟
جواب: وہاں مسجد بنائی جاتی اور آپ وہاں مؤذن وامام مقرر فرماتے۔
سوال: حضرت عمرؓ کے دور میں پانچ وقتی نماز کے لیے چھوٹی مسجدیں کتنی تعمیر کی گئیں؟
جواب: تقریباً چار ہزار مساجد تعمیر کی گئیں۔
سوال: حضرت عمرؓ کے دورخلافت میں جامع مسجد (بڑی) کتنی تعمیر کی گئیں؟
جواب: تقریباًنوسو(۹۰۰) مساجد۔
سوال: حضرت عمرؓ نے اپنے دورخلافت میں کون کون سے محکمہ جات ایجاد کیے؟
جواب: فوج کا محکمہ، پولیس کا محکمہ، عدلیہ، بیت المال کا قیام، آبپاشی کا نظام وضع کیا، شہروں میں قاضی مقرر کیے، ڈاک کا نظام قائم کیا بہت سارے نئے شہر آباد فرمائے اور بھی بہت سے شعبوں کا آغاز کیا۔
سوال: حضرت عمر کتنا عرصہ خلیفہ رہے؟
جواب: آپ دس سال اور کچھ ماہ خلیفہ رہے۔
سوال: آپؓ زخمی کب ہوئے؟
جواب: 27 ذی الحج 22ہجری کو۔
سوال: آپ پر کب اور کہاں حملہ کیا گیا؟
جواب: آپ پر مسجد نبوی میں صبح فجر کی نماز پڑھاتے ہوئے حملہ کیا گیا۔
سوال: آپ پر حملے کس نے کیا؟
جواب: ایک فارسی غلام نے جس کا نام ابولؤلؤ مجوسی تھا۔
سوال: آپ کتنے دن بعد شہید ہوئے؟
جواب: آپ تین دن زخمی رہنے کے بعد شہید ہوئے۔
سوال: حضرت عمرؓ نے زخمی ہونے کی حالت میں اپنے بیٹے عبداللہ کو حضرت عائشہؓ کے پاس کیوں بھیجا تھا؟
جواب: روضہ رسول میں دفن ہونے کی اجازت مانگنے کے لیے۔
سوال: آپ کی شہادت کا واقعہ کس تاریخ کو پیش آیا؟
جواب: محرم کی پہلی تاریخ کو۔
سوال: حضرت عمر کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
جواب: حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ نے۔
سوال: آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟
جواب: روضہ رسول میں حضور ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ۔
سوال: حضرت عمر کو قبر میں کس نے اتارا تھا؟
جواب؛ حضرت عثمان، حضرت علیؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور چند دیگر بڑے صحابہؓ نے۔

# سیدنا حسینؓ کوئز

سوال: حضرت حسین رضی اللہ عنہ کون تھے؟
جواب: ہمارے پیارے نبی ﷺ کے نواسے اور سیدنا علیؓ وسیدہ فاطمہؓ کے بیٹے تھے۔
سوال: حضرت حسین کا نام حسین کس نے رکھا؟
جواب: آپ کے نانا حضرت محمد ﷺ نے۔
سوال: حضرت علیؓ نے حضرت حسینؓ کا کیا نام رکھا تھا؟
جواب: حضرت علیؓ نے نام ''حرب'' رکھا تھا۔
سوال: حضرت حسینؓ کی ولادت کب ہوئی ؟
جواب: شعبان 4ہجری میں ہوئی۔
سوال: حضرت حسین کی ولادت کہاں ہوئی ؟
جواب: مدینہ منورہ میں۔
سوال: آپ کی ولادت سے قبل حضرت لبابہ نے کیا خواب دیکھا تھا؟
جواب: انہوں نے دیکھا کہ حضور ﷺ کے جسم اطہر سے ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھا گیا
سوال: حضور ﷺ نے اس خواب کی کیا تعبیر بتائی تھی؟
جواب: آپ ﷺ نے فرمایا لبابہ! میری بیٹی فاطمہؓ کے گھر بیٹا پیدا ہوگا اور وہ سب سے پہلے آپ کی گود میں آئے گا۔
سوال: اس خواب کی وجہ سے حضور ﷺ نے حضرت حسینؓ کے بارے کیا فرمایا تھا؟
جواب: آپ ﷺ نے فرمایا ''حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں''
سوال: حضرت حسین کی ولادت پر آپ ﷺ نے کیا عمل فرمایا؟
جواب: حضرت حسین کے کان میں اذان کہی۔
سوال: حضرت حسین کو گٹی کس نے دی؟
جواب: حضرت محمد ﷺ نے دی۔
سوال: حضرت محمد ﷺ نے حضرت حسین کو کس چیز سے گٹی دی؟
جواب: اپنے لعاب مبارک سے۔
سوال: حضرت حسین کا لقب کیا تھا؟
جواب: آپ کا لقب ''رَیحَانۃُ النَّبی''، یعنی حضور ﷺ کی خوشبو تھا۔
سوال: پیدائش کے بعد حضرت حسین کے بال کب اتروائے گئے؟
جواب: تقریباً سات دن بعد۔
سوال: حضرت فاطمہؓ نے اپنے بیٹے کا کیا صدقہ دیا؟
جواب: آپ کے بالوں کے برابر چاندی صدقہ کی گئی۔
سوال: حضرت حسین کا عقیقہ کب کیا گیا؟
جواب: حضرت حسین کا عقیقہ ساتویں دن کیا گیا۔
سوال: حضرت حسین کے عقیقے میں کیا ذبح کیا گیا؟
جواب: دو بکریاں ذبح کی گئیں۔

سوال: سیدنا حسین کا کون سا حصہ رسول اللہ ﷺ کے زیادہ مشابہ تھا؟
جواب: سینے سے پاؤں تک کا حصہ رسول اللہ ﷺ کے مشابہ تھا۔
سوال: حضرات حسنؓ وحسینؓ کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟
جواب: آپ ﷺ نے فرمایا حسنؓ وحسینؓ جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔
سوال: حضور ﷺ کا حضرت حسنؓ وحسینؓ سے کیسا رویہ تھا؟
جواب: آپ ﷺ دونوں نواسوں سے بہت زیادہ محبت فرماتے تھے۔
سوال: دوران خطبہ حضور ﷺ حضرات حسنین کریمین کو آتے دیکھتے تو آپ کیا کرتے؟
جواب: آپ ﷺ جلدی سے منبر سے اتر کر دونوں کو اٹھا لیتے تھے۔
سوال: حضور ﷺ کے انتقال مبارک کے وقت حضرت حسین کی کتنی عمر تھی؟
جواب: تقریباً چھ سال۔
سوال: حضرت حسین نے حضور ﷺ کی کتنی حدیثیں نقل کی ہیں؟
جواب: تقریباً پانچ حدیثیں۔
سوال: حضرت حسینؓ حاجت مندوں کے ساتھ کیسا معاملہ فرماتے؟
جواب: آپ حاجت مندوں کی ضرورتیں پوری کرتے اور راہ خدا میں بے حساب دیتے۔
سوال: حضرت معاویہؓ نے جب اپنا نمائندہ حضرت حسینؓ کے پاس بھیجا تو اس کو حضرت حسین کی کیا علامات بتائیں؟
جواب: حضرت معاویہ نے فرمایا ان کا حلقہ ایسا ہوگا جن پر سکوت طاری ہوگا، گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔ اور حضرت حسین کا تہبند نصف پنڈلی تک ہوگا۔
سوال: حضرت حسینؓ نے کتنے حج پیدل کیے؟
جواب: آپؓ نے تقریباً پچیس حج پیدل کیے۔
سوال: حضرت ابوبکرؓ حضرت حسین کے ساتھ کیسے پیش آتے؟
جواب: حضرت ابوبکرؓ حضرت حسین کی بہت زیادہ عزت و تکریم کرتے تھے۔
سوال: جب حیرہ فتح ہوا تو اس کے مال غنیمت سے کون سا قیمتی ہدیہ حضرت ابوبکر نے حضرت حسین کو پیش کیا تھا؟
جواب: حضرت ابوبکر نے طیلسان کی ایک قیمتی چادر حضرت حسین کو ہدیہ دی۔
سوال: حضرت عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں حضرت حسین کا کتنا وظیفہ مقرر فرمایا تھا؟
جواب: بدری صحابہؓ کے برابر پانچ ہزار درہم مقرر فرمائے۔
سوال: کسریٰ کے خزانے حضرت عمر کے دربار میں پہنچے تو حضرت عمر نے حضرت حسین کو کیا اعزاز عطا فرمایا؟
جواب: حضرت عمرؓ نے تقسیم میں سب سے پہلے حضرت حسن وحسین کو حصہ عطا فرمایا۔
سوال: حضرت عثمانؓ کے دور خلافت میں حضرت حسین نے جہاد کے لیے کون سے دو سفر کیے؟
جواب: افریقہ اور خراسان کی طرف۔
سوال: باغیوں نے جب حضرت عثمان کا محاصرہ کیا تو حضرت حسین اپنے بھائی کے ساتھ کس کام پر مامور تھے؟
جواب: حضرت حسن وحسین دیگر صحابہؓ کے ساتھ حضرت عثمان کے گھر پر پہرہ دیتے رہے

سوال: مسلمانوں میں اختلاف کو ختم کرنے کے لیے حضرت حسین نے اپنے بھائی کے ساتھ مل کر کون سا اہم معاملہ سرانجام دیا؟
جواب: حضرت حسنؓ نے خلافت حضرت معاویہؓ کے سپرد کر کے ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی، اس بیعت میں حضرت حسین بھی شریک تھے اور انہوں نے بھی حضرت معاویہ کے ہاتھ پر بیعت کی۔
سوال: سیدنا معاویہؓ کے دور خلافت میں سیدنا حسین نے کون سی بڑی جنگ میں حصہ لیا؟
جواب: جنگ قسطنطنیہ میں حصہ لیا۔
سوال: حضرت حسین کب شہید ہوئے؟
جواب: دس محرم الحرام 61 ہجری میں۔
سوال: حضرت حسینؓ کس جگہ شہید ہوئے؟
جواب: میدان کربلا میں
سوال: شہادت کے وقت آپ کی عمر مبارک کتنی تھی؟
جواب: تقریباً 57 سال
سوال: حضرت حسینؓ کس جگہ مدفون ہیں؟
جواب: میدان کربلا میں۔
سوال: حضرت حسینؓ کے ساتھ ان کے مقبرے میں اور کون مدفون ہیں؟
جواب: حضرت حسینؓ کے بھائی ابوبکر اور عمر۔
سوال: یہ ابوبکر اور عمر کون تھے؟
جواب: حضرت علیؓ کے بیٹے تھے۔
سوال: کربلا میں شہید ہونے والے حضرت عباس کون تھے؟
جواب: حضرت علیؓ کے بیٹے تھے۔
سوال: واقعہ کربلا میں سب سے پہلے کون شہید ہوا؟
جواب: حضرت حسینؓ کے چچازاد بھائی حضرت مسلم بن عقیل۔
سوال: واقعہ کربلا میں حضرت حسینؓ کے کون سے بیٹے زندہ بچے تھے؟
جواب: حضرت زین العابدین جن کا نام علی بن حسینؓ تھا۔